کراچی۔ قیمت ۴ آنے۔ صفحات ۳۲۔

یہ مختصر سا کتابچہ فاضل مصنف نے حضور سرورِ کائنات کی سیرتِ پاک کے ایک حصہ پر رقم فرمایا ہے اور اس کے پیچھے علاوہ دوسرے نیک مقاصد کے ایک اہم مقصد یہ کام کر رہا ہے کہ نوجوان کی اصلاح کی جاسکے۔ اس دورِ فتن میں جب کہ مسلمانوں، خصوصاً اُن کے نوجوانوں کے اخلاق کو تباہ کرنے کی اسکیمیں بنائی جارہی ہیں۔ اس قسم کی ہر کوشش قابلِ صد ستائش ہے۔ اس قیمتی مقالہ میں فاضل مصنف نے اپنے مخصوص عام فہم اور دلنشین انداز میں حضور سرورِ دو عالم کے ایامِ شباب کے واقعات کو قلمبند کیا ہے۔ اور اس کے ساتھ یہ بھی بتایا ہے کہ عہدِ نبوی میں نوجوانوں پر کیسی کیسی ذمہ داریاں عائد کی جاتی تھیں۔ ہم اس مقالہ کے مطالعہ کی تمام مسلمانوں خصوصاً نوجوانوں سے پُرزور سفارش کرتے ہیں۔

حج کیا ہے؟ | از مولانا سید حامد علی صاحب۔ ناشر: مکتبہ جماعت اسلامی (ہند) رام پور (یو۔پی) قیمت ۸ آنے۔ صفحات ۹۶۔

یوں تو مسلمان کی زندگی کا کوئی گوشہ بھی ایسا باقی نہیں رہا جس میں صحیح اسلامی روح جلوہ گر ہو لیکن یہ روح جس طرح سے حج ایسی عظیم الشان عبادت سے رخصت ہوئی ہے وہ نہایت افسوسناک ہے۔ حج کرنے والے عموماً حج کی حقیقت سے ناآشنا ہوتے ہیں۔ وہ حج کو بے روح مراسم کی طرح ادا کر کے مطمئن ہو جاتے ہیں کہ وہ اپنی ذمہ داری سے سبکدوش ہوئے۔ اس سے نہ تو اُن کی اپنی زندگی کے اندر کوئی تغیر رونما ہوتا ہے اور نہ ہی امتِ مسلمہ کی حالت بہتر ہوتی ہے اس لیے ایک عرصہ سے ضرورت محسوس ہو رہی تھی کہ چند اہلِ علم اس طرف متوجہ ہوں۔ جن حضرات نے اس قسم کی ضرورت کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے، اُن میں رسالہ "الفرقان" کا حج نمبر اور یہ کتاب نہایت قابلِ قدر ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب حج کا سفر کرنے والوں کو خطاب کر کے لکھی گئی ہے۔ اس میں اس بات کا اہتمام کیا گیا ہے کہ حج کے مقاصد اور اس کی حقیقت اور روح کے تمام پہلوؤں کو وضاحت سے بیان کر دیا جائے۔ کتاب کے آخر میں حج کرنے کا طریقہ بھی